ضلعی آفیسر اطلاعات (تعلقات عامہ) منڈی بہاؤالدین

روزنامہ "زورآور" منڈی بہاؤالدین

تاریخ 16 AUG 2024

# سائلین کو ہر ممکن ریلیف فراہم کریں کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائیگا مشتاق اعوان

## اس حوالے سے کسی کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ سائلین نے شکایات کے ازالہ پر انچارج وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

منڈی بہاؤالدین (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی خصوصی ہدایت پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے صوبائی محتسب آفس منڈی . ین میں کھلی کچہری لگائی، جس میں وفاقی محکموں کے خلاف عوام کی شکایات سن کر موقع پر ہی ریلیف دلوا کر عوام کے مسائل حل کیے گئے۔ زیادہ تر شکایات گیپکو، پوسٹ آفس اور پاسپورٹ آفس کی تھیں۔ ان محکموں کے افسران نے ذاتی طور پر رپورٹس جمع کرائیں۔ ایکسین واپڈا نے اپنی رپورٹ میں عوام الناس کے میٹرز تبدیلی اور زائد بلنگ کے نوٹس رخنڈ کے متعلق آگاہ کیا جبکہ سوئی گیس کے زائد بل آنے کی وجہ سے شکایات گذاران کو اقساط کروادی گئیں۔ انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ سائلین کو ہر ممکن ریلیف فراہم کریں اور اس حوالے سے کسی کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ سائلین نے شکایات کے ازالہ پر انچارج وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ اس روز مزید نئی شکایات بھی موصول (باقی صفحہ 2 بقیہ 17)



CS Scanned with CamScanner